جماعتی خبریں

محمد ایوب غلام

6-1-08 الشیخ عبدالحکیم عامر طویل علالت کے بعد دار فانی سے دار البقاء کی طرف رحلت فرما گئے۔آپ کی عمر 65 سال تھی۔مرحوم انتہائی سادہ، نیک دل، صوم وصلاۃ اور ڈیوٹی کے پابند، ہر دل عزیز شخصیت تھے۔25 سال سے جامعہ میں بحیثیت مدرس خدمت دین کر رہے تھے۔2006 کے آخر میں جماعت اہل حدیث ملتان کے تعاون سے آپریشن کرایا تھا۔پسماندگان میں دو بیٹے، دو بیٹیاں، بیوہ اور بھائی شامل ہیں۔

9-2-08 رابطة العالم الإسلامی وهيئة الاغاثة الاسلامية العالمية کے تحت برنامج القرآن الكريم والدعوة کے مندوب ڈاکٹر عبداللہ نذیر اور الشیخ محمد تشریف لائے۔فارم تو حید آباد میں مہمانوں کے اعزاز میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔بعد ازاں هيئة الاغاثة کے داعیوں سے الگ الگ خصوصی لقاء کا اہتمام کیا گیا۔

10-2-08 مندوب هيئة الاغاثة اور مہمانانِ گرامی نے یونیورسٹی کلیۃ البنات اور کئی اہم برانچوں کا معاینہ کیا۔

23-2-08 تعلیمی کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔جس میں سابقہ سال 2007 کا تعلیمی جائزہ لیا گیا اور تعلیمی سال 2008 کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔

24-2-08 ڈائریکٹر محکمہ زراعت بلتستان جناب عبدالواحد صاحب نے فارم گلشن آباد اور فارم تو حید آباد کا دورہ کیا اور اپنے دست مبارک سے پودا لگا کر سال رواں کی شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔نیز دونوں فارمز کی کویل کی توسیع کے لیے فنڈز کی منظوری بھی دی۔

8-3-08 مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا، جس میں 2-12-07 کی میٹنگ میں التراث کے مضامین کی تصحیح پر عائد کردہ پابندی اٹھالی گئی۔

27-3-08 سعودی عرب کے رفاہی ادارہ الحملة الشعبية کی طرف سے ارسال شدہ امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں۔تنفیذ کے لیے الحملة الشعبية اسلام آباد کی طرف سے جناب عبیداللہ اور اسد اشرف بطور مصور و کشاف تشریف لائے۔ان کی نگرانی اور ہدایات کی روشنی میں تقسیم کا عمل انجام پایا۔